iqbalkalmati.blogspot.com

# اسلامیات

## مختصر سوالات

## (پرائمری تا ایم اے)

iqbalkalmati.blogspot.com

# تعارف قرآن

1۔ قرآن پاک کی کل سورتیں = 114

2 ۔ قرآن پاک کے کل رکوع = 540

3 ۔ قرآن پاک کی کل آیات = 6666

4 ۔ قرآن پاک کے کل الفاظ = 86430

5 ۔ قرآن پاک کے کل حروف = 323760

6 ۔ سب سے لمبی سورت = البقرا

7 ۔ قرآن پاک کی آخری سورت = الناس

8 ۔ قرآن پاک کی سب سے چھوٹی سورت = الکوثر

9 ۔ فضیلت کے لحاظ سے سب سے بڑی آیت = آیت الکرسی

10 ۔ کل مکی سورتوں کی تعداد = 28

iqbalkalmati.blogspot.com

# تعارف قرآن

11 ۔ کل مدنی سورتوں کی تعداد = 86

12 ۔ قرآن پاک کے نام = 55

13 ۔ حروف مقطعات کی تعداد = 14

14 ۔ کل پارے = 30

15 ۔ قرآن پاک کی منازل = 7

16 ۔ نزول کے اعتبار سے پہلی سورت = العلق

17 ۔ نزول کے اعتبار سے پہلی آیت = اقرا باسم ربک الذی خلق

18 ۔ کل سجدے = 14

19 ۔ نزول کے اعتبار سے قرآن حکیم کی آخری آیت =

iqbalkalmati.blogspot.com

# تعارف قرآن

الیوم اکملت لکم دینکم ۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔اسلام دینا

20 ۔ قرآن پاک کا آغاز = لیلتہ القدر

21 ۔ وہ سورت جس میں شفا ہی شفا ہے = الفاتحہ

22 ۔ قرآن کا دل = سورۃ یٰسین

23 ۔ قرآن کی دلہن = سورۃ رحمٰن

24 ۔ زینت قرآن = سورۃ رحمٰن

25 ۔ وہ سورت جس کے شروع میں بسم اللہ نہیں =

سورۃ توبہ

26 ۔ وہ سورت جس میں بسم اللہ دو مرتبہ آئی ہے =

سورۃ النمل

iqbalkalmati.blogspot.com

# تعارف قرآن

27 ۔ جامع قرآن = حضرت عثمانؓ

28 ۔ جنگ یمامہ میں شہدا کی تعداد = 700 حافظ قرآن

29 ۔ قرآن پاک میں انبیاء کے نام = 37

30 ۔ مکی سورتوں کا موضوع = توحید، رسالت، آخرت، انبیاء کے واقعات، صبر کی تلقین

31 ۔ مدنی سورتوں کا موضوع = عبادات، معاشرتی مسائل جہاد کے مسائل، تعزرات، معاشی مسائل

32 ۔ قرآن پاک میں کن خواتین کا ذکر آیا ہے = حضرت مریمؓ حضرت آسیہؓ، بلقیس (ملکہ صبا)، حضرت عائشہؓ

مزید کتب پڑھنے کے لئے آج ہی وزٹ کریں : www.iqbalkalmati.blogspot.com

# تعارف قرآن

33 ۔ قرآن میں کس نبی کا نام سب سے زیادہ بار آیا ہے =

حضرت موسیٰ

34 ۔ لفظ اللہ کتنی بار آیا ہے = 2697

35 ۔ قرآن پاک کا کل عرصہ نزول = 22 سال 2 ماہ 22 دن

36 ۔ برصغیر میں پہلا قرآن پاک کا فارسی ترجمہ =

حضرت شاہ ولی اللہ

37 ۔ برصغیر میں پہلا اردو ترجمہ = شاہ رفیع الدین،

شاہ عبدالقادر

38 ۔ ترجمان القرآن = حضرت عبداللہ بن عباسؓ

# تعارف قرآن

39 ۔ کن کفار کا ذکر قرآن پاک میں ہے = نمرود، فرعون

ہامان، قارون، ابولہب

40 ۔ قرآن پاک کی کن سورتوں کے نام انبیاء کے ناموں

پر ہیں = سورۃ محمد، سورۃ یوسف، سورۃ ابراہیم، سورۃ نوح،

سورۃ ھود، سورۃ یونس

41 ۔ قرآن پاک میں کس شخص کا نام لیکر بربادی کی خبر دی

گئی ہے = ابولہب، اس کی بیوی (ام جمیلہ)

42 ۔ مکہ میں سب سے پہلے کاتب وحی = حضرت شرجیل

بن حسنہ رض

43 ۔ مدینہ میں کاتب وحی = حضرت ابی بن کعب رض

iqbalkalmati.blogspot.com

# تعارف قرآن

44 ۔ قرآن پاک کے ایک حرف پڑھنے کا ثواب =

10 نیکیاں

45 ۔ ایک تہائی قرآن = سورۃ اخلاص

46 ۔ قرآن پاک میں کس حکیم کا ذکر = لقمان

47 ۔ قرآن پاک میں کس پتھر کا ذکر = یاقوت

48 ۔ قرآن پاک کے مطابق ناقابل معافی گناہ = شرک

49 ۔ قرآن پاک کا موضوع = انسان

50 ۔ قرآن پاک میں سب سے پہلے کس نبی کا ذکر ہے =

حضرت آدمؑ

iqbalkalmati.blogspot.com

# تعارف قرآن

51 ۔ قرآن پاک میں کتنی آسمانی کتابوں کا ذکر ہے =زبور، توریت،انجیل

52 ۔ ہجرت مدینہ کے وقت نبی ﷺ کس سورت کی تلاوت کررہے تھے = سورۃ یٰسین

53 ۔ خواتین میں قرآن پاک کی پہلی حافظ = حضرت حفصہ بنت عمرؓ

54 ۔ جامع قرآن = حضرت عثمان غنیؓ

55 ۔ باب القرآن = سورۃ الفاتحہ

56 ۔ قرآن پاک میں کس صحابی کا ذکر ہے = حضرت زید بن حارثؓ

# تعارف قرآن

57 ۔ تمام مذہبی کتابوں میں مشترکہ احکامات = توحید، شرک، اخلاقیات

58 ۔ آداب کا ذکر کس سورت میں ہے = سورۃ الحجرات

59 ۔ قرآن کے معنی = زیادہ پڑھی جانے والی کتاب

60 ۔ قرآن کی ابتدا = لیلۃ القدر (رمضان)

61 ۔ قرآن کی آخری وحی = میدان عرفات

62 ۔ قرآن کی رو سے عزت کا معیار = تقویٰ

63 ۔ قرآن کی سورت جو مکمل دعا ہے = سورۃ الفاتحہ

iqbalkalmati.blogspot.com

# باب اول بنیادی عقائد

1 ۔ عقیدہ کے لغوی معنی کیا ہیں؟

ج ۔ عقیدہ کے لغوی معنی گرہ لگانا،قول وقرار کرنا،عہدو پیمان باندھنے کے ہیں۔

2 ۔ عقیدہ کے اصطلاحی معنی کیا ہیں؟

ج ۔ عقیدہ کے اصطلاحی معنی وہ پختہ نظریات جن پر کسی کا دل اور ضمیر مطمئن ہو جن کو آسانی سے تبدیل نہیں کیا جا سکتا۔

3 ۔ اسلام کے بنیادی عقائد کون کونسے ہیں؟

ج ۔ اسلام کے بنیادی عقائد درج ذیل ہیں۔

۱۔ اللہ پر ایمان ۲۔ انبیاء پر ایمان ۳۔ فرشتوں پر ایمان

۴۔ آسمانی کتابوں پر ایمان ۵۔ روز آخرت پر ایمان

iqbalkalmati.blogspot.com

# باب اول بنیادی عقائد

4 ۔ عقیدہ سے انسان میں کونسی قوت پیدا ہوتی ہے۔

ج ۔ عقیدے سے انسان میں وہ قوت پیدا ہوتی ہے کہ وہ اپنے نصب العین کے لیے اپنا سب کچھ قربان کرنے کے تیار ہو جاتا ہے۔

5 ۔ عقیدہ توحید کے بارے میں آیت بمعہ ترجمہ لکھیں؟

ج ۔ قل ھواللہ ھواحد ترجمہ۔ کہہ دیجئے کہ اللہ ایک ہے۔

6 ۔ اسلام میں عقیدہ توحید کا مفہوم کیا ہے؟

ج ۔ اللہ تعالیٰ کو اس کی ذات اور صفات میں یکتا ماننا اور اقرار کرنا کہ کسی طرح بھی کوئی اور اس کے ساتھ شریک نہیں ہے۔

iqbalkalmati.blogspot.com

# باب اول بنیادی عقائد

7 ۔ عقیدہ توحید کی اقسام لکھیں؟

ج ۔ ۱۔ توحید فی الذات ۲۔ توحید فی اصفات

۳۔ توحید فی العبادات

8 ۔ عقیدہ توحید کے انسانی زندگی پر کیا اثرات مرتب ہوتے ہیں؟

ج ۔ ۱۔عزت نفس ۲۔عاجزی اور انکساری ۳۔قناعت

۴۔غرور اور تکبر کی نفی ۵۔اللہ کی راہ میں مال خرچ کرنے کا جذبہ

۶۔اطمینان قلب ۷۔محبت الٰہی ۸۔بہادری سرفروشی

9 ۔ شرک کے معنی کیا ہیں؟

iqbalkalmati.blogspot.com



ج ۔ شرک کے لغوی معنی ملانا، شریک کرنا، شامل کرنا، حصہ داری کے ہیں۔

10۔ شرک کی اقسام لکھیں؟

ج ۔ ۱۔ شرک فی الذات ۲۔ شرک فی الصفات

۳۔ شرک فی العبادات

11۔ شرک کی چند عملی صورتیں لکھیں؟

ج ۔ بت پرستی، آگ سورج اور چاند ستاروں کو پوجنا، فرشتوں کی عبادات، قبروں کو سجدہ کرنا۔

12۔ اللہ کے ہاں سب سے بڑا گناہ کیا ہے؟

iqbalkalmati.blogspot.com



# بنیادی عقائد

ج ۔ ان الشرک لظلم عظیم ترجمہ۔ بے شک سب سے بڑا ظلم شرک ہے۔

13۔ عقیدہ توحید کو قرآن پاک کی کس آیت مبارکہ میں وسیع کر کے بیان کیا گیا ہے؟

14۔ رسول اور نبی میں کیا فرق ہوتا ہے؟

ج ۔ رسول صاحب کتاب وشریعت ہوتا ہے جبکہ نبی صاحب کتاب وشریعت نہیں ہوتا۔

15۔ رسالت کے لغوی معنی کیا ہیں؟

ج ۔ رسالت کے لغوی معنی پیغام لے جانا، پیغام پہنچانا کے ہیں۔

iqbalkalmati.blogspot.com

# باب اول — بنیادی عقائد

16۔ انبیاء علیہ السلام کی ضرورت کیوں پیش آئی؟

ج۔ انسان کو فطری طور پر جسمانی اور روحانی رہنمائی کی ضرورت ہوتی ہے۔ روح کی بالیدگی کے لیے انسان کو اپنے رب کی پہچان کرانے کے لیے اللہ تعالیٰ نے انبیاء کا سلسلہ جاری کیا۔

17۔ انبیاء علیہ السلام کی خصوصیات لکھیں؟

ج۔ ۱۔ بشریت ۲۔ معصومیت ۳۔ واجب اطاعت ۴۔ دیانت داری ۵۔ تبلیغ دین

18۔ رسالت محمد ﷺ کی خصوصیات لکھیں؟

ج۔ محفوظ کتاب، سابقہ شریعتوں کی ناسخ، ختم نبوت

iqbalkalmati.blogspot.com



# بنیادی عقائد

19۔ چار مشہور فرشتوں کے نام لکھیں؟

ج ۔ ۱۔ حضرت جبرائیل ۲۔ حضرت میکائیل

۳۔ حضرت اسرافیل ۴۔ حضرت عزرائیل

20۔ ملائکہ کے اصطاحی معنی کیا ہیں؟

ج ۔ ملائکہ سے مراد نوری مخلوق ہے جو اللہ تعالیٰ اور انبیاء علیہ السلام کے درمیان رابطے کا فریضہ سرانجام دیتی ہے۔ اللہ تعالیٰ کے حکم سے نظام کائنات چلاتی ہے۔

21۔ آسمانی کتابوں کی اہمیت لکھیں؟

ج ۔ آسمانی کتابوں پر ایمان لائے بغیر ہم اللہ تعالیٰ کے

iqbalkalmati.blogspot.com

باب اول بنیادی عقائد

احکامات کو نہیں سمجھ سکتے کیونکہ انبیاء علیہ السلام تو ایک خاص وقت تک ہوتے ہیں اس کے بعد کتاب ہی انسان کی رہنمائی کرتی ہے۔

22۔ چار آسمانی کتابوں کے نام لکھیں؟

ج ۔ ۱۔ زبور حضرت داؤدؑ پر ۲۔ تورات حضرت موسیٰؑ

۳۔ انجیل حضرت عیسیٰؑ ۴۔ قرآن پاک حضرت محمد صلی اللہ علیہ وسلم

23۔ قرآن پاک کی خصوصیات لکھیں؟

ج ۔ ۱۔ محفوظ کتاب ۲۔ زندہ زبان ۳۔ عالمگیر کتاب

۴۔ مکمل ضابطہ حیات ۵۔ کتاب اعجاز ۶۔ آخری کتاب

iqbalkalmati.blogspot.com



24۔ عقیدہ آخرت کے لغوی معنی کیا ہیں؟

ج ۔ آخرت کے لغوی معنی بعد میں آنے والی چیز کے ہیں۔

25۔ عقیدہ آخرت کے اصطلاحی معنی کیا ہیں؟

ج ۔ ہم سب کا ایمان ہے کہ یہ دنیا فانی ہے ایک نہ ایک دن اسے ختم ہونا ہے جب اللہ تعالیٰ کی مرضی ہوگی دنیا کا نظام لپیٹ دیا جائے گا تمام انسان اللہ تعالیٰ کے حضور جمع ہونگے۔ اعمال کے حساب سے جنت یا دوزخ کا فیصلہ ہوگا۔

26۔ عقیدہ آخرت کے انسانی زندگی پر کیا اثرات مرتب ہوتے ہیں؟

iqbalkalmati.blogspot.com

# باب اول بنیادی عقائد

ج ۔ ا ۔ اللہ تعالیٰ سے تعلق ۲۔ احساس ذمہ داری

۳۔ دنیا سے بے نیازی ۴۔ کردار کی مضبوطی

۵۔فلاح انسانیت ۶۔مال خرچ کرنے کا جذبہ

27۔ قدم عرب کے لوگ فرشتوں کے بارے میں کیا نظریہ رکھتے تھے؟

ج ۔ اسلام سے پہلے عرب کے لوگ فرشتوں کو خدا کی بیٹیاں کہتے تھے ان کی پوجا کرتے، ان کو گناہوں کے معاف کرنے کا اختیار رکھتے۔تمام دنیاوی کاموں میں مدد کرنے والا سمجھتے۔

28۔ اسلام نے مسلمانوں کی کیا نشانی بیان کی ہے؟

iqbalkalmati.blogspot.com

باب اول بنیادی عقائد

ج ۔ وبالاخرۃ ھم یوقنون ترجمہ۔اور آخرت پر یقین رکھتے

ہیں۔

29۔ عقیدہ آخرت پر یقین نہ کرنے سے کیا نقصان ہوتا ہے؟

ج ۔ انسان خود غرض، نفسی پرستی میں ڈوب جاتا ہے، تہذیب و

شرافت، عدل و انصاف کو یکسر بھول جاتا ہے۔ دنیا میں

جنگل کا قانون لگتا ہے۔

30۔عقیدہ ختم نبوت کے بارے میں احادیث پاک کا حوالہ لکھیں؟

ج ۔ انا خاتم النبین لا نبی بعدی ترجمہ۔بے شک میں آخری

نبی ہوں اور میرے بعد کوئی نبی نہیں۔

iqbalkalmati.blogspot.com

# باب دوم اسلامی تشخص

1 ۔ ارکان اسلام سے کیا مراد ہے؟

ج ۔ ارکان اسلام سے مراد دین کے وہ بنیادی اصول ہیں جن پر دین اسلام کی عمارت قائم ہے۔

2 ۔ ارکان اسلام کے نام لکھیں؟

ج ۔ ۱۔کلمہ شہادت ۲۔نماز ۳۔روزہ ۴۔زکوٰۃ ۵۔حج

3 ۔ کلمہ شہادت کا ترجمہ لکھیں؟

ج ۔ میں گواہی دیتا ہوں کہ اللہ کے سوا کوئی معبود نہیں وہ ایک ہے اسکا کوئی شریک نہیں اور میں گواہی دیتا ہوں کہ محمد ﷺ اسکے بندے اور رسول ہیں۔

4 ۔ وہ کونسا کلمہ ہے جو انسان کو کفر و شرک کے اندھیروں سے

iqbalkalmati.blogspot.com

باب دوم

# اسلامی تشخص

نکال لاتا ہے؟

ج ۔ کلمہ شہادت

5 ۔ انسانی عظمت کا ضامن کونسا عقیدہ ہے؟

ج ۔ اللہ اور اس کے رسول صلی اللہ علیہ وسلم کی گواہی ۔

6 ۔ قیامت کے دن سب سے پہلے کس کا سوال ہوگا؟

ج ۔ نماز

7 ۔ نماز کے بارے میں کسی آیت کا ترجمہ لکھیں؟

ج ۔ اور نماز قائم کرو اور مشرکوں میں سے نہ ہو جاؤ ۔

8 ۔ پانچ نمازوں کے نام لکھیں؟

iqbalkalmati.blogspot.com

باب دوم

# اسلامی تشخص

ج ۔ فجر ۔ظہر ۔عصر ۔مغرب ۔عشاء

9 ۔ نماز جہری اور نماز خفی میں کیا فرق ہے؟

ج ۔جن نمازوں میں امام صاحب اونچی آواز میں تلاوت کریں نماز جہری کہلاتی ہے۔مثلا نماز فجر نماز مغرب نماز عشاء۔اور جن نمازوں میں امام صاحب خاموشی اختیار کرتے ہیں نماز خفی کہلاتی ہے۔مثلا نماز ظہر،نماز عصر۔

10۔ صلوٰۃ کے اصطلاحی معنی کیا ہیں؟

ج ۔ اس سے مراد اسلام کا وہ طریق عبادت ہے جو حضرت جبرائیل نے ہمارے آخری نبی ﷺ کو اللہ کی ہدایت کے مطابق سکھایا۔

iqbalkalmati.blogspot.com

باب دوم

# اسلامی تشخص

11۔ نماز کے فوائد لکھیں؟

ج ۔ اللہ تعالیٰ کے سامنے حاضری، بندگی کا احساس، قرب خداوندی، گناہوں سے بچے رہنا، اتحاد امت، اخوت، مساوات کا عملی مظاہرہ، کفار پر رعب و دبدبہ، نظم وضبط۔

12۔ نماز کس چیز سے روکتی ہے؟

ج ۔ نماز ہر قسم کی بے حیائی اور بری باتوں سے روکتی ہے۔

13۔ منافق کی نشانیاں لکھیں؟

ج ۔ جب بات کرے تو جھوٹ بولے، جب وعدہ کرے تو وعدہ خلافی کرے۔

iqbalkalmati.blogspot.com



# اسلامی تشخص

14۔ نماز کے متعلق کسی حدیث کا ترجمہ لکھیں؟

ج ۔ جس نے جان بوجھ کر نماز ترک کی اس نے کفر کیا۔

15۔ نماز کے بارے میں کسی حدیث کا ترجمہ لکھیں؟

ج ۔ نماز دین کا ستون ہے۔

16۔ وہ کونسے واقعات ہیں جب نماز پڑھنا منع ہے؟

ج ۔ سورج نکلتے وقت، عین نصف النہار کے وقت،

جب سورج غروب ہو رہا ہو۔

17۔ صوم کے لغوی معنی کیا ہیں؟

ج ۔ صوم کے لغوی معنی رک جانا، پرہیز کرنا کے ہیں۔

iqbalkalmati.blogspot.com

باب دوم

# اسلامی تشخص

18۔ روزے کے فوائد لکھیں؟

ج ۔ دوسروں کے لیے ہمدردی کا جذبہ، ایثار، جسمانی صحت کے لیے مفید، تقویٰ و پرہیزگاری، قرب خداوندی، اتحاد، یگانگت، شیطان کے خلاف جہاد

19۔ قرآن پاک کا نزول کس مہینہ میں شروع ہوا؟

ج ۔ رمضان المبارک

20۔ پاکستان کا قیام کب عمل میں آیا؟

ج ۔ 14 اگست 1947-27 رمضان المبارک لیلتہ القدر جمعتہ الوداع

iqbalkalmati.blogspot.com



# اسلامی تشخص

21۔ کس عمل کا ثواب اللہ تعالیٰ خود دیں گے؟

ج ۔ روزہ

22۔ زکوٰۃ کے لغوی معنی کیا ہیں؟

ج ۔ پاک کرنا، پھلنا پھولنا، بڑھنا

23۔ زکوٰۃ کے اصطلاحی معنی کیا ہیں؟

ج ۔ زکوٰۃ سے مراد مالی عبادت ہے جو ہر صاحب نصاب مسلمان پر فرض ہے یہ سال میں ایک بار ڈھائی فیصد کے حساب سے دی جاتی ہے۔

24۔ زکوٰۃ کی ادائیگی سے معاشرے پر کیا اثرات مرتب

iqbalkalmati.blogspot.com


ہوتے ہیں؟

ج ۔ ہمدردی کا جذبہ، فکر آخرت، جرائم کا خاتمہ، مال میں خیر و برکت، دولت کا چند ہاتھوں میں مرکوز نہ ہونا، ملکی معشیت میں اضافہ۔

25۔ زکوٰۃ کے معارف لکھیں؟

ج ۔ ان تنگ دست لوگوں کی اعانت جن کے پاس کچھ نہ ہو۔ جو زندگی کی بنیادی سہولتوں سے محروم، زکوٰۃ کی وصولی پر متعین عملہ کی تنخواہیں، نومسلم، نادار، جہاد فی سبیل اللہ، مسافر جو حالت سفر میں ہو۔

iqbalkalmati.blogspot.com



# اسلامی تشخص

26۔ زکوٰۃ کی شرح کیا ہے؟

ج ۔ 2.5%

27۔ صاحب نصاب سے کیا مراد ہے؟

ج ۔ وہ مسلمان جس کے پاس 7.5 تولے سونا یا 52
تولے چاندی یا اس کے برابر رقم سال بھر جمع رہے۔

28۔ زکوٰۃ کے مسائل لکھیں؟

ج ۔ زکوٰۃ صرف مسلمانوں سے ہی لی جاتی ہے اور ماں
باپ، بیٹا، بیٹی، شوہر بیوی کو زکوٰۃ نہیں دے سکتے۔ زکوٰۃ
کی رقم سے ضروریات زندگی خرید کر دی جا سکتی ہے۔ سیلاب

iqbalkalmati.blogspot.com



# اسلامی تشخص

زلزلہ، قحط زدہ علاقے میں زکوٰۃ دی جاسکتی ہے۔

29۔ حج کے لغوی معنی کیا ہیں؟

ج ۔ ارادہ کرنا، قصد کرنا

30۔ حج کے اصطلاحی معنی کیا ہیں؟

ج ۔ ذی الحج کے مخصوص دنوں میں بیت اللہ کی زیارت کے لیے جانا اور دوسرے اعمال کرنا۔

31۔ سعی سے کیا مراد ہے؟

ج ۔ صفا اور مروہ کے درمیان سات دوڑیں لگانے کو سعی کہتے ہیں۔

iqbalkalmati.blogspot.com



# اسلامی تشخص

32۔ حج کے فوائد لکھیں؟

ج ۔ مالی و بدنی عبادت، مساوات کا عملی مظاہرہ، اتحاد امت، اخوت کے مضبوط رشتے، روحانی بالیدگی، فکر آخرت، اطاعت الٰہی، خواہشات نفسانی کی نفی۔

33۔ سب سے افضل جہاد کیا ہے؟

ج ۔ حدیث پاک ہے کہ..سب سے افضل جہاد جابر حکمران کے سامنے کلمہ حق کہنا ہے..

34۔ جہاد کی اقسام لکھیں؟

ج ۔ مسلح جہاد، مالی جہاد، بدنی جہاد، قلمی جہاد۔

iqbalkalmati.blogspot.com



# اسلامی تشخص

35۔ یوم عرفہ سے کیا مراد ہے؟

ج ۔ ۹ ذی الحجہ کو عرفات کے میدان میں طلوع آفتاب سے لیکر غروب آفتاب تک قیام کرنا۔

36۔ حج کے فرائض لکھیں؟

ج ۔ احرام باندھنا، قیام عرفات، طواف کعبہ

37۔ حج کن لوگوں پر فرض ہے؟

ج ۔ مسلمان، عاقل، بالغ، آمدرفت کی مالی استطاعت، قانونی اجازت، گھر والوں کی اجازت

38۔ مسجد نمرہ کی اہمیت لکھیں؟

iqbalkalmati.blogspot.com



# اسلامی تشخص

ج ۔ ۹ ذی الحجہ کو اس مسجد میں نماز ظہر اور عصر ملا کر ادا کی جاتی ہے۔

39۔ مقام ابراہیم سے کیا مراد ہے؟

ج ۔ وہ جگہ جہاں حضرت ابراہیم نے کھڑے ہو کر خانہ کعبہ کی تعمیر کی تھی۔

40۔ جہاد کے لغوی معنی کیا ہیں؟

ج ۔ جہاد کے لغوی معنی کوشش کرنا کے ہیں۔

41۔ جہاد سے کیا مراد ہے؟

ج ۔ دین کی سربلندی، ملت کے دفاع اور نیکی کی اشاعت کے لیے کوشش کرنا اور اسلام کی راہ روکنے والوں کے خلاف

iqbalkalmati.blogspot.com



مسلح جنگ کرنا۔

42۔ جہاد کی اقسام لکھیں؟

ج ۔ خواہشات نفسانی کے خلاف جہاد، جہاد بالسیف، جہاد بالقول، جہاد بالمال، مدافعانہ جہاد، مصلحانہ جہاد۔

43۔ جہاد کے بارے میں قرآنی آیت کا ترجمہ لکھیں؟

ج ۔ اپنے مالوں اور جانوں سے جہاد کرو۔

44۔ جہاد کے فوائد لکھیں؟

ج ۔ ایمان کی مضبوطی، قوموں کی ترقی کا ذریعہ، اطاعت خداوندی، اسلام کا دفاع، امن کی ضمانت، مظلوم لوگوں کی

iqbalkalmati.blogspot.com



# اسلامی تشخص

مدد کا ذریعہ، دین کی سربلندی، باطل قوتوں کا خاتمہ

45۔ جنگ اور جہاد میں کیا فرق ہے؟

ج ۔ جہاد کا مقصد انسانوں کو ظلم کی طاقتوں کے غلبے سے نجات دلانا انکی عزت آزادی کی بحالی، اللہ تعالٰی کے عطا کردہ ضابطوں کے اندر رہ کر کرنا ہے۔ جبکہ جنگ ذاتی مفاد کی خاطر انسانوں کا خون بہانا ہے۔

46۔ والدین کے حقوق لکھیں؟

ج ۔ احسان، شکرگزاری، ادب واحترام، دعائے مغفرت

47۔ اولاد کے حقوق لکھیں؟

iqbalkalmati.blogspot.com

باب دوم

# اسلامی تشخص

ج ۔ پرورش، تعلیم وتربیت، نکاح، عدل وانصاف، والدین کی دعائیں

48۔ بیوی کے حقوق لکھیں؟

ج ۔ حسن سلوک، نان ونفقہ، حق مہر کی ادائیگی، عدل و انصاف، حق خلع، حق وراثت، رشتے داروں سے حسن سلوک

49۔ شوہر کے حقوق لکھیں؟

ج ۔ اطاعت گزاری، امانتوں کی حفاظت، تربیت اولاد، گھر کی دیکھ بھال

50۔ حضورﷺ نے کس شخص کے لیے ذلت وخواری کی خبر دی ہے؟

iqbalkalmati.blogspot.com



# اسلامی تشخص

ج ۔ جس نے اپنے والدین کو یا دونوں میں سے کسی ایک کو بڑھاپے میں پایا اور انکی خدمت کر کے جنت حاصل نہ کی ۔

51۔ والدین کی نافرمانی کے بارے میں حدیث پاک لکھیں؟

ج ۔ ..والدین کا نافرمان جنت کی خوشبو سے محروم رہے گا..

52۔ قتل اولاد کے بارے میں حدیث پاک کا حوالہ دیں؟

ج ۔ ..اپنی اولاد کو مفلسی کے ڈر سے قتل نہ کرو۔ہم ان کو بھی اور تم کو رزق دیتے ہیں..

53۔ استاد کے حقوق لکھیں؟

ج ۔ ادب واحترام، اطاعت وخدمت، احسان شناسی

iqbalkalmati.blogspot.com

باب دوم

# اسلامی تشخص

54۔ ہمسائیوں کے بارے میں حدیث پاک لکھیں؟

ج ۔ ..تم میں سے افضل وہ شخص ہے جو اپنے ہمسائے کے حق میں بہتر ہے..

55۔ محاسن اخلاق کیا کیا اعمال ہیں؟

ج ۔ دیانت داری، ایفائے عہد، سچائی، عدل و انصاف، قانون کا احترام، کسب حلال، ایثار

56۔ حسد کے نقصانات لکھیں؟

ج ۔ ذلت و رسوائی، اللہ کی رضا پر ناخوش ہونا، قناعت کی کمی، نیکیوں کا خاتمہ، انسانوں کے لیے نفرت کے جذبات رکھنا

iqbalkalmati.blogspot.com



# اسلامی تشخص

57۔ رزائل اخلاق کیا ہیں؟

ج ۔ جھوٹ، غیبت، خیانت، تکبر، حسد

58۔ جھوٹ کے نقصان بارے حدیث کا حوالہ دیں؟

ج ۔ ..سچائی باعث نجات ہے اور جھوٹ باعث ہلاکت ہے..

iqbalkalmati.blogspot.com

# اسوہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم رحمتہ العالمین

1 ۔ دنیا میں کس شخص کو پوری انسانیت کے لیے نمونہ کہا گیا ہے؟

ج ۔ اللہ کے آخری نبی حضرت محمد صلی اللہ علیہ وسلم کو۔ ارشاد باری تعالیٰ ہے

..لقد کان لکم فی رسول اللہ اسوہ حسنہ..

2 ۔ نبی رحمت صلی اللہ علیہ وسلم کے رحمتہ العالمین ہونے کے بارے میں

قرآنی آیت کا حوالہ دیں؟

ج ۔ ..اور ہم نے آپ صلی اللہ علیہ وسلم کو تمام جہانوں کے لیے رحمت

بنا کر بھیجا..(سورۃ الانبیاء)

3 ۔ اسوہ کا مفہوم کیا ہے؟

ج ۔ ایسا کامل اور جامع نمونہ جس کی تقلید کی جا سکے۔

4 ۔ اسوہ رسول صلی اللہ علیہ وسلم کی چند خصوصیات لکھیں؟

# اسوہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم رحمتہ العالمین

ج ۔ اکملیت ، جامعیت ، مکمل خصوصیات ، عالمگیرت

5 ۔ بیٹی کی اچھی تربیت کے بارے میں حدیث پاک لکھیں؟

ج ۔ آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ وہ جنت میں میرا ساتھی ہوگا۔

6۔ حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے غلاموں کے بارے میں کیا ارشاد فرمایا؟

ج ۔ تمہارے غلام تمہارے بھائی ہیں ۔جیسا خود کھاؤ اور انہیں بھی کھلاؤ، جیسا خود پہنو انہیں بھی پہناؤ اور نکی طاقت سے زیادہ کام نہ لو۔

7 ۔ مسکین سے کیا مراد ہے؟

ج ۔ معاشرے کے وہ لوگ جن کے پاس ضروریات زندگی کی

iqbalkalmati.blogspot.com



بھی اشیاء نہ ہوں۔

8 ۔ اخوت کے اصطلاحی معنی کیا ہوتے ہیں؟

ج ۔ کلمہ توحید کی بنا پر معاشرہ کو تشکیل دینا۔

9 ۔ اخوت کے بارے میں حدیث پاک کا حوالہ دیں؟

ج ۔ ایک مسلمان پر دوسرے مسلمان کا مال جان اور عزت و آبرو حرام ہے۔

10 ۔ اسلامی اخوت کے فوائد لکھیں؟

ج ۔ خیرخواہی، ایثار، عزت واحترام، اتحاد امت

11۔ مساوات کے فوائد لکھیں؟

iqbalkalmati.blogspot.com



ج ۔ برابری کا احساس، باہمی محبت، قانون کی حکمرانی،
اتحاد امت

12۔ مساوات کی اقسام لکھیں؟

ج ۔ قانونی مساوات، سیاسی مساوات، اقتصادی مساوات،
معاشی مساوات، معاشرتی مساوات

13۔ دینی اصطلاح میں صبر و استقلال کے کیا معنی ہیں؟

ج ۔ دین اسلام پر عمل کرتے ہوئے مسائل و مشکلات کا
ثابت قدمی سے مقابلہ کرنا۔

14۔ صبر و استقلال کے معاشرہ پر کیا اثرات مرتب ہوتے ہیں؟

# اسوہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم رحمتہ العالمین

ج ۔ امن کا قیام، خوشگوار، معاشرتی تعلقات، ایک دوسرے کے دکھ درد میں شراکت، اتحاد، اللہ تعالیٰ کی رضا

15۔ عفو و درگزر سے کیا مراد ہے؟

ج ۔ معاف کر دینا، سزا نہ دینا

16۔ مومنین کی صفت کیا ہے؟

ج ۔ وہ غصہ کو پی جاتے ہیں لوگوں کو معاف کرتے ہیں اور اللہ احسان کرنے والوں کو پسند فرماتا ہے۔

17۔ ذکر قلبی سے کیا مراد ہے؟

ج ۔ ہر وقت دل میں اللہ تعالیٰ کو یاد کرنا

iqbalkalmati.blogspot.com

# اسوہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم رحمتہ العالمین

18۔ ذکر کی بہترین صورت کیا ہے؟

ج ۔ نماز

19۔ ذکر لسانی سے کیا مراد ہے؟

ج ۔ وہ ذکر جو زبان سے کیا جائے مثلاً نماز پڑھنا، قرآن پاک کی تلاوت کرنا

20۔ ذکر کے بارے میں اللہ تعالیٰ کا ارشاد لکھیں؟

ج ۔ ..تم مجھے یاد کرو میں تمہیں یاد کروں گا..

21۔ ذکر کے فوائد لکھیں؟

ج ۔ افضل عبادت، دل کا زندہ رہنا، اطمینان قلب، بخشش کا ذریعہ

iqbalkalmati.blogspot.com

# اسوہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم رحمتہ العالمین

22۔ دو غیر عرب صحابہ کا نام لکھیں؟

ج ۔ حضرت سلیمان فارسیؓ، حضرت بلالؓ، حضرت صہیب رومی

23۔ اخوت کے بارے میں قرآنی آیت کا حوالہ دیں؟

ج ۔ ..بے شک مومن آپس میں بھائی بھائی ہیں..

24۔ تسبیح فاطمہ سے کیا مراد ہے؟

ج ۔ ۳۳ بار سبحان اللہ، ۳۳ بار الحمد اللہ، ۳۴ بار اللہ اکبر

25۔ رحم کے بارے میں حدیث لکھیں؟

ج ۔ ..جو رحم نہیں کرتا اس پر رحم نہیں کیا جاتا..

26۔ یتیم کے بارے میں حدیث لکھیں؟

iqbalkalmati.blogspot.com



ج ۔ ..میں اور یتیم کی نگہداشت کرنے والا بہشت میں یوں ساتھ ساتھ ہوں گے..

27۔ حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے صحابہ کرام کے ساتھ مل کر کونسی مساجد تعمیر کیں؟

ج ۔ مسجد نبوی ، مسجد قبا

28۔ حضور صلی اللہ علیہ وسلم کی پیٹھ مبارک پر کس نے اونٹ کی اوجھڑی ڈال دی تھی؟

ج ۔ عقبہ بن ابی معیط

29۔ ذکر کے بارے میں قرآنی آیت لکھیں؟

ج ۔ اے ایمان والو! اللہ کو بہت کثرت سے یاد کرو۔

# حضرت محمد صلی اللہ علیہ وسلم

1 ۔ حضور پاک ﷺ کا خاندان قریش کی کس شاخ سے تعلق رکھتا تھا؟

ج ۔ بنی ہاشم

2 ۔ حضور پاک ﷺ کس سن عیسوی میں پیدا ہوئے؟

ج ۔ 20 اپریل 571ء

3 ۔ حضور پاک ﷺ کس دن پیدا ہوئے؟

ج ۔ سوموار

4 ۔ حضور پاک ﷺ مکہ کے کس محلّہ میں پیدا ہوئے؟

ج ۔ سوق اللیل

iqbalkalmati.blogspot.com

# حضرت محمد صلی اللہ علیہ وسلم

5 ۔ حضور پاک ﷺ کی ولادت کے وقت دایا کون تھیں؟

ج ۔ شفا

6 ۔ عہد جاہلیت میں بنی ہاشم کے پاس کون سے شعبے کی ذمہ داری تھی؟

ج ۔ خانہ کعبہ کا انتظام

7 ۔ عبدالمناف کے کتنے بیٹے تھے؟

ج ۔ 5

8 ۔ حضور پاک ﷺ کے دادا کا نام بتائیں؟

ج ۔ عبدالمطلب

# حضرت محمد صلی اللہ علیہ وسلم

9 ۔ حضور پاک صلی اللہ علیہ وسلم کے نانا کا نام بتائیں؟

ج ۔ وہب بن عبد المناف

10۔ حلیمہ سعدیہ کا تعلق کس قبیلہ سے تھا؟

ج ۔ بنو اسد

11۔ حضور پاک صلی اللہ علیہ وسلم کو حلیمہ سعدیہ کے سپرد کس لیے کیا گیا؟

ج ۔ خالص عربی سیکھنے کے لیے اور کھلی ہوا میں پرورش پانے کے لیے۔

12۔ حضور پاک صلی اللہ علیہ وسلم کی آیا کا نام کیا تھا؟

ج ۔ اُم ایمن

# حضرت محمد صلی اللہ علیہ وسلم

13۔ حضور پاک صلی اللہ علیہ وسلم کو کتنی عورتوں نے دودھ پلایا؟

ج ۔ 8

14۔ حضور پاک صلی اللہ علیہ وسلم کا نام احمد کس نے رکھا؟

ج ۔ حضرت آمنہ رضی اللہ عنہا

15۔ حضور پاک صلی اللہ علیہ وسلم کا عبرانی نام کیا ہے؟

ج ۔ فارقلیط

16۔ حضور پاک صلی اللہ علیہ وسلم کا نام احمد قرآن مجید کے علاوہ اور کس الہامی کتاب میں آیا ہے؟

ج ۔ انجیل

# حضرت محمد صلی اللہ علیہ وسلم

17۔ حضور پاک ﷺ کے نام فارقلیط کا کیا مطلب ہے؟

ج ۔ سکون دینے والا

18۔ ابوالقاسم کس کی کنیت ہے؟

ج ۔ حضور پاک ﷺ کی

19۔ حضور پاک ﷺ کی نانی کا نام بتائیں؟

ج ۔ اُم حبیبہ

20۔ حضور پاک ﷺ کی والدہ ماجدہ حضرت آمنہ کہاں دفن ہیں؟

ج ۔ ابواء

21۔ ابواء کہاں واقع ہے؟

# حضرت محمد صلی اللہ علیہ وسلم

ج ۔ مکہ اور مدینہ کے درمیان

22۔ حضرت عبداللہ کا انتقال کہاں ہوا؟

ج ۔ ابواء

23۔ حضور پاک صلی اللہ علیہ وسلم کا نام محمد صلی اللہ علیہ وسلم کس نے تجویز کیا؟

ج ۔ حضرت عبدالمطلب رض

24۔ حضور پاک صلی اللہ علیہ وسلم کی پیدائش سے کتنے ماہ قبل آپ صلی اللہ علیہ وسلم کے والد ماجد حضرت عبداللہ کی وفات ہوئی؟

ج ۔ 6 ماہ

25۔ حضور پاک صلی اللہ علیہ وسلم نے چھ سال کی عمر میں کہاں کا سفر کیا؟

# حضرت محمد صلی اللہ علیہ وسلم

ج ۔ مدینہ

26۔ حضرت آمنہؓ نے کہاں وفات پائی ؟

ج ۔ ابواء

27۔ حضرت آمنہؓ کی وفات کے بعد حضور پاک صلی اللہ علیہ وسلم کی پرورش کی ذمہ داری کس نے قبول کی؟

ج ۔ حضرت عبدالمطلبؓ

28۔ حضور پاک صلی اللہ علیہ وسلم نے بارہ سال کی عمر میں کہاں کا سفر کیا؟

ج ۔ شام

29۔ شام کے پہلے سفر میں حضور پاک صلی اللہ علیہ وسلم کے ہمراہ کون تھے؟

# حضرت محمد صلی اللہ علیہ وسلم

ج ۔ حضرت ابو طالبؓ

30۔ حضور پاک صلی اللہ علیہ وسلم کہاں پیدا ہوئے؟

ج ۔ مکہ

31۔ حضور پاک صلی اللہ علیہ وسلم مکہ میں کتنا عرصہ قیام پذیر رہے؟

ج ۔ 53 سال

32۔ حضور پاک صلی اللہ علیہ وسلم نے ابتدائی ایام میں کون سی لڑائی میں شرکت کی؟

ج ۔ حرب فجار

33۔ حرب فجار کہاں ہوئی؟

# حضرت محمد صلی اللہ علیہ وسلم

ج ۔ عکاظ

34۔ حرب فجار قریش نے کس قبیلہ کے خلاف لڑی؟

ج ۔ بنو قیس

35۔ حرب فجار کتنے سال تک جاری رہی؟

ج ۔ 4 سال

36۔ حرب فجار کے وقت حضور پاک ﷺ کی عمر مبارکہ کیا تھی؟

ج ۔ 15 سال

37۔ حضور پاک ﷺ کی پرورش کتنے سال تک حلیمہ سعدیہ نے کی؟

# حضرت محمد صلی اللہ علیہ وسلم

ج ۔ 6 سال

38۔ حضرت عبدالمطلبؓ نے کتنے سال تک حضور پاک ﷺ کی کفالت کی؟

ج ۔ 2 سال

39۔ حضور پاک ﷺ کا عقیقہ کس عمر میں کیا گیا؟

ج ۔ 7 دن

40۔ حضرت عبدالمطلبؓ کا انتقال کب ہوا؟

ج ۔ 580ء

41۔ عام الفیل کا آغاز کہاں سے ہوتا ہے؟

# حضرت محمد صلی اللہ علیہ وسلم

ج ۔ 570ء

42۔ لات، منات اور عزیٰ سے کیا مراد ہے؟

ج ۔ بتوں کے نام

43۔ حضور پاک ﷺ کس مہینہ میں پیدا ہوئے؟

ج ۔ ربیع الاوّل

44۔ حضور پاک ﷺ کی ملاقات بحیرہ راہب سے کس سفر کے دوران ہوئی؟

ج ۔ شام

45۔ صادق اور امین کس شخصیت کے القاب ہیں؟

# حضرت محمد صلی اللہ علیہ وسلم

ج ۔ حضور پاک صلی اللہ علیہ وسلم

46۔ حجر اسود کا نصب کرنے کا معاملہ جب حضور پاک صلی اللہ علیہ وسلم نے بطور ثالث بن کر طے کیا تو اس وقت آپ صلی اللہ علیہ وسلم کی عمر مبارکہ کیا تھی؟

ج ۔ 35 سال

47۔ بحیرہ راہب کون تھا؟

ج ۔ عیسائی

48۔ حجر اسود کو نصب کرنے کا جھگڑا کب ہوا؟

ج ۔ 35 عام الفیل

# حضرت محمد صلی اللہ علیہ وسلم

49۔ بحیرہ، فسطورا کے علاوہ اور کس راہب نے حضور پاک ﷺ کے نبی ہونے کی پیشین گوئی کی تھی؟

ج ۔ بحیرہ راہب

50۔ حجر اسود کو نصب کرنے کا ثالث کون قرار پایا؟

ج ۔ حضور پاک ﷺ

51۔ حضرت خدیجہؓ سے شادی کے وقت حضور پاک ﷺ کی عمر مبارکہ کیا تھی؟

ج ۔ 25 سال

52۔ حضور پاک ﷺ سے شادی کے وقت حضرت خدیجہؓ کی

# حضرت محمد صلی اللہ علیہ وسلم

عمر مبارکہ کیا تھی؟

ج ۔ 40 سال

53۔ حضور پاک صلی اللہ علیہ وسلم اور حضرت خدیجہؓ کا نکاح کس نے پڑھوایا تھا؟

ج ۔ حضرت ابو طالبؓ نے

54۔ حضور پاک صلی اللہ علیہ وسلم کی سب سے بڑی صاحبزادی کا نام بتائیں؟

ج ۔ حضرت زینبؓ

55۔ حضور پاک صلی اللہ علیہ وسلم کے صاحبزادے حضرت قاسم کتنا

# حضرت محمد صلی اللہ علیہ وسلم

عرصہ حیات رہے؟

ج ۔ 2سال

56۔ کس راہب نے میسرہ کو حضور پاک ﷺ کی نبوت سے آگاہ کیا؟

ج ۔ فسطورا

57۔ حلف الفضول نامی معاہدہ پہلی بار کب ہوا؟

ج ۔ حضور پاک ﷺ کی پیدائش کے پانچ سال بعد

58۔ دوسرا حلف الفضول کب ہوا اور اس وقت حضور پاک ﷺ کی عمر مبارکہ کیا تھی؟

ج ۔ 20 سال

59۔ دوسرا معاہدہ حلف الفضول کس کے گھر طے ہوا؟

ج ۔ عبداللہ بن جدعان

60۔ حضور پاک ﷺ نے شام کا دوسرا سفر کس مقصد سے کیا اور آپ ﷺ کی عمر مبارکہ کیا تھی؟

ج ۔ تجارت ، 25 سال

61۔ حضور پاک ﷺ شام میں کس کا مال لے کر گئے تھے؟

ج ۔ حضرت خدیجہؓ

62۔ شام کے سفر کے دوران حضرت خدیجہؓ کا کون سا غلام

حضور پاک صلی اللہ علیہ وسلم کے ہمراہ تھا؟

ج ۔ میسرہ

63۔ حضرت خدیجہؓ کے والد کا نام کیا تھا؟

ج ۔ خویلد بن اسد

64۔ حضور پاک صلی اللہ علیہ وسلم کے نکاح میں آنے سے قبل حضرت خدیجہ کا ایک نکاح ابوہالہ سے ہوا، حضرت خدیجہؓ کے دوسرے خاوند کا نام بتائیں؟

ج ۔ عتیق بن عائد مخزوی

65۔ حضرت عبدالمطلب کی وفات کے بعد خانہ کعبہ کی ولائت

کس کے سپرد ہوئی ؟

ج ۔ حضرت ابو طالبؓ

66۔ حضرت عبد المطلب کی وفات کے وقت حضور پاک ﷺ کی عمر مبارکہ کیا تھی ؟

ج ۔ 8 سال

67۔ حضرت آمنہؓ کی وفات کے بعد حضور پاک ﷺ کو مکہ سے مدینہ کون لایا ؟

ج ۔ حضرت اُم ایمن

68۔ والدہ ماجدہ کی وفات کے وقت حضور پاک ﷺ کی عمر

# حضرت محمد صلی اللہ علیہ وسلم

مبارکہ کیا تھی؟

ج ۔ 6 سال

69۔ حضور پاک ﷺ نے پہلا سفر شام کب کیا؟

ج ۔ 12 عام الفیل

70۔ حضور پاک ﷺ نے دوسرا سفر شام تجارت کی غرض سے کب کیا؟

ج ۔ 24 عام الفیل

71۔ حضور پاک ﷺ کی والدہ ماجدہ حضرت آمنہ رضی اللہ عنہا کا تعلق کس خاندان سے تھا؟

# حضرت محمد صلی اللہ علیہ وسلم

ج ۔ بنوزہرہ

72۔ ہاشم کے دادا کا نام کیا تھا؟

ج ۔ قصی

73۔ حضور پاک صلی اللہ علیہ وسلم کے حقیقی بھائی کتنے تھے؟

ج ۔ کوئی بھی نہیں

74۔ حضور پاک صلی اللہ علیہ وسلم کی ہمشیرگان کتنی تھیں؟

ج ۔ کوئی نہیں

75۔ ابرہہ کون تھا؟

ج ۔ شاہ یمن

# حضرت محمد صلی اللہ علیہ وسلم

## فیضان نبوت

76۔ آپ صلی اللہ علیہ وسلم کو نبوت کس عمر میں ملی؟

ج ۔ 40 سال کی عمر میں

77۔ پہلی وحی کا دن کونسا تھا؟

ج ۔ پیر کا دن

78۔ پہلی وحی کونسا فرشتہ لے کر حاضر ہوا؟

ج ۔ حضرت جبرائیل

79۔ پہلی وحی کس جگہ نازل ہوئی؟

ج ۔ غار حرا میں

# حضرت محمد صلی اللہ علیہ وسلم

80۔ غار حرا کس کے نام سے مشہور ہے؟

ج ۔ جبل نور

81۔ قرآن پاک کا نزول کس دن اور کس مہینہ سے شروع ہوا؟

ج ۔ لیلتہ القدر رمضان المبارک میں

82۔ آپ ﷺ نے کتنا عرصہ خفیہ طور پر دعوت اسلام دی؟

ج ۔ 3 سال

83۔ خفیہ دعوت اسلام کا مرکز کس صحابی کے گھر کو بنایا گیا تھا؟

ج ۔ حضرت ارقم کا گھر جو شہر سے دور کوہ صفا پر واقع تھا۔

84۔ آپ ﷺ نے اعلانیہ دعوت اسلام کس سال دی؟

# حضرت محمد صلی اللہ علیہ وسلم

ج ۔ 9 سال قبل ہجرت 614 ء

85۔ اعلانیہ دعوت کس مقام پر دی گئی؟

ج ۔ کوہ صفا پر

86۔ سب سے پہلے کس مرد نے دعوت اسلام قبول کی؟

ج ۔ حضرت ابوبکر صدیق رضؓ

87۔ بچوں میں سب سے پہلے کس نے اسلام قبول کیا؟

ج ۔ حضرت علیؓ

88۔ اسلام میں سب سے پہلے بدر کے شہید کا نام کیا تھا؟

ج ۔ حضرت عبیہ ابن حارثؓ

# حضرت محمد صلی اللہ علیہ وسلم

89۔ اسلام کے ابتدائی زمانے میں جن اشخاص نے اسلام قبول کیا ان کے نام بتائیں؟

ج ۔ حضرت خدیجہ الکبریٰؓ، حضرت علیؓ، حضرت ابوبکر صدیقؓ حضرت بلال حبشیؓ، حضرت عمارؓ، حضرت یاسرؓ، حضرت ابو فکہیہ، حضرت عبسؓ، حضرت بینہ کنیزؓ، حضرت سمعیہؓ، حضرت زنیرہ، حضرت نہدیہؓ، حضرت ابوسلمہ بن عبدالاسد مخزومی اور ان کی زوجہ حضرت ام سلمہ بنت ابی امیہؓ، حضرت عامر بن ربیعہ اور ان کی زوجہ حضرت لیلیٰ بنت ابی حشمہؓ، حضرت حاطب بن عمروؓ، حضرت سہیل بن بیضاؓ، حضرت عبداللہ مسعود

iqbalkalmati.blogspot.com

# حضرت محمد صلی اللہ علیہ وسلم

90۔ ہجرت حبشہ اول میں کتنے لوگ تھے؟

ج ۔ حضرت عثمان بن عفان ، حضرت عبدالرحمٰن بن عوفؓ حضرت مصعب بن عمیرؓ، حضرت ابو حذیفہ بن عتبہؓ اور زوجہ حضرت سلمہ بن سہیل ، حضرت رقیہؓ بنت رسول اللہ ، حضرت زبیر بن العوامؓ، حضرت عثمان بن مظعون جمیؓ

91۔ ہجرت حبشہ کی ضرورت کیوں پیش آئی؟

ج ۔ مظالم قریش سے نجات حاصل کرنا

92۔ حبشہ کا بادشاہ کون تھا؟

ج ۔ نجاشی (اصحمہ)

# حضرت محمد صلی اللہ علیہ وسلم

93۔ نجاشی کے دربار میں کس نے تقریر کی؟

ج ۔ حضرت جعفر طیار نے

94۔ اہل قریش نے نجاشی سے کیا تقاضا کیا؟

ج ۔ مسلمانوں کو حبشہ سے نکالنے اور اہل قریش کے حوالے کرنے کا۔

95۔ مسلمان حبشہ سے واپس مکہ کیوں آئے؟

ج ۔ مسلمانوں نے یہ افواہ سنی کے کفار مکہ نے اسلام قبول کر لیا چنانچہ وہ واپس لوٹ آئے؟

96۔ حضرت حمزہؓ اور حضرت عمر فاروقؓ نے کب اسلام قبول کیا؟

iqbalkalmati.blogspot.com



ج ۔ 7 قبل ہجرت، 614 ء میں

97۔ ہجرت حبشہ ثانی میں کتنے لوگ شامل تھے؟

ج ۔ 101 افراد

98۔ بنو ہاشم میں اس معاہدہ کے لیے کس نے شرکت کی؟

ج ۔ ابولہب

99۔ حضرت خدیجہؓ کی وفات کے کتنا عرصہ بعد حضرت ابوطالب کی وفات ہوئی؟

ج ۔ 5 ہفتے بعد

100۔ عام الحزن سے کیا مراد ہے؟

# حضرت محمد صلی اللہ علیہ وسلم

ج ۔ غم کا سال

101۔ حضرت خدیجہؓ نے کتنی عمر میں وفات پائی؟

ج ۔ 65 سال

102۔ نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کی عمر حضرت خدیجہؓ کے انتقال کے وقت کتنی تھی؟

ج ۔ 50 سال

103۔ حضرت خدیجہؓ مکہ مکرمہ میں کس مقام پر مدفون ہیں؟

ج ۔ مقام حجون

104۔ نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم طائف کے سفر کے لیے کب روانہ ہوئے؟

# حضرت محمد صلی اللہ علیہ وسلم

ج ۔ 10 بنوی میں

105۔ نبی کریم ﷺ نے طائف میں کتنے دن قیام کیا؟

ج ۔ 10 دن

106۔ سفر طائف میں آپ ﷺ کے ساتھ کونسے صحابی تھے؟

ج ۔ حضرت زید بن حارثہؓ

107۔ شہر طائف میں آپ ﷺ کس کے گھر دعوت اسلام کے لیے تشریف لے گئے؟

ج ۔ عمرو بن عوف کے بیٹوں کے گھر جو طائف کے سردار تھے

108۔ طائف کہاں واقع ہے؟

# حضرت محمد صلی اللہ علیہ وسلم

ج ۔ مکہ سے 45-40 میل دور

109۔ معراج سے کیا مراد ہے؟

ج ۔ اللہ تعالیٰ نے حضور صلی اللہ علیہ وسلم کو اپنے پاس آسمانوں پر بلایا

110۔ معراج کا واقع کب پیش آیا؟

ج ۔ 27 رجب 10 نبوی کو

111۔ معراج کے موقعہ پر حضور صلی اللہ علیہ وسلم کو کیا تحفہ دیا گیا؟

ج ۔ مسلمانوں کے لیے ۵ نمازوں کا تحفہ

112۔ واقعہ معراج کے وقت آپ صلی اللہ علیہ وسلم کی عمر مبارک کتنی تھی؟

ج ۔ 51 سال 6 ماہ

# حضرت محمد صلی اللہ علیہ وسلم

113۔ معراج کی رات نبی کریم ﷺ کس جانور پر سوار تھے؟

ج ۔ براق

114۔ معراج کی رات نبی کریم ﷺ کی پہلے آسمان پر کس نبی سے ملاقات ہوئی؟

ج ۔ حضرت آدمؑ سے

115۔ حضرت جبرائیل نے کس مقام پر آگے بڑھنے سے انکار کردیا؟

ج ۔ سدرۃ المنتہی

116۔ واقعہ معراج کا ذکر کس سورہ میں ہے؟

ج ۔ سورہ بنی اسرائیل کی پہلی آیت میں

117۔ واقعہ معراج کی تصدیق کس صحابی نے کی؟

ج ۔ حضرت ابوبکر صدیقؓ نے

118۔ حضرت ابوبکر صدیقؓ کو صدیق کا لقب کیوں اور کب عطا کیا گیا؟

ج ۔ واقعہ معراج کی تصدیق کرنے کی وجہ سے آپ کو نبی ﷺ نے صدیقؓ کا لقب دیا۔

119۔ بیعت عقبہ اولیٰ کب ہوئی؟

ج ۔ 1 قبل ہجرت، 621ء میں

# حضرت محمد صلی اللہ علیہ وسلم

120۔ بیعت عقبہ اولیٰ میں کتنے لوگوں نے بیعت لی؟

ج ۔ 12 لوگوں نے

121۔ بیعت عقبہ کس مقام پر ہوئی؟

ج ۔ عقبہ کے مقام پر

122۔ بیعت عقبہ اول میں حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے کن باتوں پر بیعت لی؟

ج ۔ ایک اللہ کی عبادت کیا کریں گے کسی کو اُس کا شریک نہ ٹھہرائیں گے۔ چوری، زنا اور اولاد کو قتل نہیں کریں گے۔ جھوٹی تہمت نہ لگائیں گے اور چغلی نہ کھائیں گے۔ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی اطاعت کریں گے۔

# حضرت محمد صلی اللہ علیہ وسلم

123۔ بیعت عقبہ ثانی کب ہوئی؟

ج ۔ 3 ماہ قبل ہجرت، 622ء میں بعثت کے تیرہویں سال

124۔ بیعت عقبہ ثانی میں کتنے افراد تھے؟

ج ۔ 73 مرد 2 عورتیں

125۔ ملاقات کا مقام کیا تھا؟

ج ۔ منیٰ (عقبہ)

## مدنی زندگی

126۔ آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے کس سال مکہ سے مدینہ ہجرت کی؟

ج ۔ نبوت کے دسویں سال، ا ہجری

# حضرت محمد صلی اللہ علیہ وسلم

127۔ آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے مکہ سے مدینہ ہجرت کرتے ہوئے کس غار میں قیام کیا؟

ج ۔ غارِ ثور

128۔ ہجرت کے وقت کونسے صحابی آپ صلی اللہ علیہ وسلم کے ساتھ تھے؟

ج ۔ حضرت ابوبکرؓ

129۔ آپ صلی اللہ علیہ وسلم کو قتل کرنے کی سازش کس نے تیار کی؟

ج ۔ ابوجہل نے

130۔ ہجرت کے وقت اسلامی مہینہ کونسا تھا؟

ج ۔ صفر کا مہینہ

# حضرت محمد صلی اللہ علیہ وسلم

131۔ آپ ﷺ مکہ سے کس تاریخ کو روانہ ہوئے؟

ج ۔ 28 جون 622ء کو

132۔ آپ ﷺ کی تلاش کے لیے قریش مکہ نے کتنے اونٹ انعام مقرر کیے؟

ج ۔ 100 اونٹ

133۔ سراقہ بن جعشم کون تھا؟

ج ۔ ہجرت مدینہ کے وقت آپ ﷺ کا تعاقب کرنے والا شخص جس کی گھوڑی کے پاؤں ریت میں دھنس گئے؟

134۔ قبا کی بستی مدینہ سے کتنے فاصلہ پر ہے؟

ج ۔ 3 میل دور

135۔ مکہ سے مدینہ آتے ہوئے آپ ﷺ نے کس بستی میں قیام فرمایا؟

ج ۔ قبا کی بستی میں

136۔ قبا کی بستی میں کونسی مسجد تعمیر کروائی ؟

ج ۔ مسجد قبا

137۔ حضرت علیؓ کتنے دن بعد مدینہ پہنچے؟

ج ۔ 3دن بعد

138۔ مدینہ کے کیا معنی ہیں؟

# حضرت محمد صلی اللہ علیہ وسلم

ج ۔ شہر کے

139۔ مدینہ کا پرانا نام کیا تھا؟

ج ۔ یثرب

140۔ آپ صلی اللہ علیہ وسلم کی اونٹنی کس کے گھر کے سامنے ٹھہری؟

ج ۔ حضرت ابو ایوب انصاری رض

141۔ آپ صلی اللہ علیہ وسلم کس اونٹنی پر سوار تھے اُس کا نام کیا تھا؟

ج ۔ قصویٰ

142۔ مواخات سے کیا مراد ہے؟

ج ۔ بھائی چارہ

# حضرت محمد صلی اللہ علیہ وسلم

143۔ مواخات کب ہوا؟

ج ۔ ا ہجری

144۔ مسلمانوں اور یہودیوں کے درمیان کونسا معاہدہ ہوا؟

ج ۔ میثاق مدینہ

145۔ عربی زبان میں میثاق کے کیا معنی ہے؟

ج ۔ معاہدہ

146۔ مسجد نبوی کہاں تعمیر کی گئی؟

ج ۔ دو انصاری بچوں سہل اور سہیل کی جگہ پر

147۔ مسجد نبوی کتنے عرصے میں تیار ہوئی؟

# حضرت محمد صلی اللہ علیہ وسلم

ج ۔ 7 ماہ میں

148۔ مسجد نبوی کن چیزوں سے بنائی گئی؟

ج ۔ کھجور کے تنوں اور شاخوں سے

149۔ اصحاب صفہ کون تھے؟

ج ۔ وہ لوگ جن کا گھر بار نہیں تھا وہ ہر وقت حضور صلی اللہ علیہ وسلم کی خدمت میں حاضر رہ کر علم حاصل کرنا چاہتے تھے؟

150۔ پہلے موذن کون تھے؟

ج ۔ حضرت بلالؓ

151۔ مسجد نبوی سے ملحقہ حجروں میں کون رہائش پذیر تھا؟

# حضرت محمد صلی اللہ علیہ وسلم

ج ۔ حضور صلی اللہ علیہ وسلم کی ازواج مطہرات اور بیٹیاں

152۔ مسجد نبوی کس سن میں تعمیر ہوئی؟

ج ۔ 1 ہجری

153۔ اذان کی ابتدا کب ہوئی؟

ج ۔ 1 ہجری کو

154۔ مسلمانوں کا پہلا قبلہ کونسا تھا؟

ج ۔ بیت المقدس

155۔ مسلمانوں کا دوسرا قبلہ کونسا تھا؟

ج ۔ خانہ کعبہ

# حضرت محمد صلی اللہ علیہ وسلم

156۔ خانہ کعبہ کی طرف رخ کر کے نماز پڑھنے کا حکم کب ہوا؟

ج ۔ 2 ہجری

157۔ روزہ اور زکوٰۃ کب فرض ہوئے؟

ج ۔ 2 ہجری

158۔ تحویل قبلہ سے کیا مراد ہے؟

ج ۔ قبلہ کی تبدیلی

iqbalkalmati.blogspot.com

# مدینہ کی جنگیں

1 ۔ مدینہ میں پہلی جنگ کونسی لڑی گئی؟

ج ۔ جنگ بدر

2 ۔ جنگ بدر کب لڑی گئی؟

ج ۔ 2ہجری، رمضان کی سترہویں تاریخ کو

3 ۔ جنگ بدر کس مقام پر لڑی گئی؟

ج ۔ بدر کے کنویں کے پاس

4 ۔ جنگ بدر کے موقع پر حضورﷺ نے کیا دعا مانگی؟

ج ۔ یا اللہ! اگر آج یہ مٹھی بھر مسلمان ختم ہو گئے تو پھر دنیا میں کوئی تیرا نام لیوا نہ ہوگا۔

# مدینہ کی جنگیں

5 ۔ جنگ بدر میں مسلمان فوج کی تعداد کتنی تھی؟

ج ۔ 313

6 ۔ جنگ بدر میں کفار کی تعداد کتنی تھی؟

ج ۔ ایک ہزار

7 ۔ کفار کس کی سربراہی میں لڑے؟

ج ۔ ابوجہل

8 ۔ غزوہ بدر میں دوبدو لڑائی کے لیے کون سے سردار نکلے؟

ج ۔ عتبہ، شیبہ، ولید بن عتبہ

9 ۔ جنگ بدر کے کیا نتائج نکلے؟

iqbalkalmati.blogspot.com

# مدینہ کی جنگیں

ج ۔ مسلمانوں کو جیت حاصل ہوئی؟

10۔ ولید کو کس نے مارا؟

ج ۔ حضرت علیؓ نے

11۔ عتبہ کو کس نے مارا؟

ج ۔ حضرت حمزہؓ نے

12۔ ابو جہل کو کس نے مارا؟

ج ۔ معاذؓ اور معوذؓ نے

13۔ جنگ بدر میں کتنے مسلمان شہید ہوئے؟

ج ۔ 14

iqbalkalmati.blogspot.com

# مدینہ کی جنگیں

14۔ جنگ بدر میں کتنے کفار مارے گئے؟

ج ۔ تقریباً 70

15۔ غزوہ بدر میں کتنے قیدی ہاتھ آئے؟

ج ۔ تقریباً 70

16۔ غزوہ سے کیا مراد ہے؟

ج ۔ وہ لڑائی جس میں حضور ﷺ نے خود شرکت کی ہو۔

17۔ سریہ سے کیا مراد ہے؟

ج ۔ وہ لڑائی جس میں حضور ﷺ نے کسی صحابی کو سپہ سالار بنا کر بھیجا ہو خود شرکت نہ کی ہو۔

# مدینہ کی جنگیں

18۔ جنگ بدر کے بعد یہودیوں کے کس قبیلہ کو مدینہ سے باہر نکال دیا گیا۔

ج ۔ بنوقینقاع

19۔ غزوہ احد کب لڑی گئی؟

ج ۔ 3ہجری کو

20۔ غزوہ احد میں مسلمانوں اور کفار کی فوجوں کی تعداد کتنی تھی؟

ج ۔ مسلمانوں کی فوج 1000 اور کفار کی فوج 3000

21۔ کفار کس کی سربراہی میں لڑے؟

ج ۔ ابوسفیان

iqbalkalmati.blogspot.com

# مدینہ کی جنگیں

22۔ غزوہ احد میں کتنے کفار کام آئے؟

ج ۔ 33

23۔ جبل احد کہاں واقع ہے؟

ج ۔ مدینہ کے شمال میں 3 میل کی مسافت پر

24۔ غزوہ احد میں کونسے صحابی شہید ہوئے؟

ج ۔ حضرت حمزہؓ

25۔ غزوہ احد میں کتنے مسلمان شہید ہوئے؟

ج ۔ 70

26۔ غزوہ خندق کس سال ہوئی؟

iqbalkalmati.blogspot.com

# مدینہ کی جنگیں

ج ۔ 5 ہجری کو

27۔ حجاب کے احکام کب نازل ہوئے؟

ج ۔ 5 ہجری میں

28۔ غزوہ خندق میں مشرکین کی تعداد کتنی تھی؟

ج ۔ 10 ہزار

29۔ غزوہ خندق میں مسلمانوں نے اپنا تحفظ کیسے کیا؟

ج ۔ خندق کھود کر

30۔ خندق کس صحابی کے مشورہ سے کھودی گئی؟

ج ۔ حضرت سلیمان فارسیؓ

iqbalkalmati.blogspot.com

# مدینہ کی جنگیں

31۔ خندق کتنے دنوں میں کھودی گئی؟

ج ۔ 20 دنوں میں

32۔ خندق کتنے مجاہدین نے کھودی؟

ج ۔ 3 ہزار مجاہدین نے

33۔ غزوہ احزاب (غزوہ خندق) کا کیا نتیجہ نکلا؟

ج ۔ دشمنوں کو زبردست آندھی کی وجہ سے اور سامان ختم ہو جانے کی وجہ سے شہر کا محاصرہ ختم کرنا پڑا۔

34۔ یہودیوں کا مدینہ سے مکمل اخراج کب ہوا؟

ج ۔ 5 ہجری

# مدینہ کی جنگیں

35۔ مسلمانوں پر شراب کب حرام ہوئی؟

ج ۔ 4ہجری میں

36۔ صلح حدیبیہ میں شریک مسلمانوں کی تعداد کتنی تھی؟

ج ۔ 1400 تھی

37۔ 6ہجری کو حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے کس مقصد کے لیے مکہ کی طرف سفر اختیار کیا؟

ج ۔ حج کی خاطر

38۔ صلح حدیبیہ کے وقت آپ صلی اللہ علیہ وسلم کے ساتھ کتنے مسلمان تھے؟

ج ۔ 1400

iqbalkalmati.blogspot.com

# مدینہ کی جنگیں

39۔ حضور ﷺ نے کس مقام پر پڑاؤ کیا؟

ج ۔ حدیبیہ کے مقام پر

40۔ صلح حدیبیہ کے کاتب کون تھے؟

ج ۔ حضرت علیؓ

41۔ صلح حدیبیہ کب ہوا؟

ج ۔ 6ہجری کو

42۔ صلح حدیبیہ کتنے سال کے لیے ہوا؟

ج ۔ دس سال تک کے لیے

43۔ صلح حدیبیہ میں قریش کی طرف سے کون سا نمائندہ تھا؟

iqbalkalmati.blogspot.com

# مدینہ کی جنگیں

ج ۔ سہیل

44۔ صلح حدیبیہ کتنے سال بعد ٹوٹا؟

ج ۔ 2 سال بعد

45۔ صلح حدیبیہ کے مسلمانوں کی طرف سے گواہان کون تھے؟

ج ۔ عبدالرحمٰنؓ بن عوف، ابوعبیدہ ابن جرح، سعد بن ابی وقاص،

محمد بن مسلمہ

46۔ قریش مکہ کی طرف سے صلح حدیبیہ کے گواہان کون تھے؟

ج ۔ یطب بن عبدالصری، مکرز بن حفص

47۔ بیعت رضوان سے کیا مراد ہے؟

iqbalkalmati.blogspot.com

# مدینہ کی جنگیں

ج ۔ حضرت عثمانؓ کی جان کا بدلہ لیا جائے گا

48۔ مکہ والوں کی جانب سے کون صلح کا پیغام لے کر آیا؟

ج ۔ سہیل بن عمرو

49۔ معاہدہ کس صحابی نے تحریر فرمایا؟

ج ۔ حضرت علیؓ

50۔ صلح حدیبیہ کے وقت کونسی سورۃ نازل ہوئی؟

ج ۔ سورۃ فتح

51۔ صلح حدیبیہ میں مسلمانوں کی کیا خوش خبری دی گئی؟

ج ۔ مسلمانوں کی کھلی فتح کی خوش خبری دی گئی۔

iqbalkalmati.blogspot.com

# فرمانروائوں کو دعوت اسلام

1 ۔ فرمانرواؤں کو دعوت اسلام کس سال دی گئی؟

ج ۔ 6ہجری

2 ۔ مصر کے بادشاہ کا کیا نام تھا؟

ج ۔ مقوقس

3 ۔ حبشہ کا حکمران کون تھا؟

ج ۔ نجاشی (اصحمہ)

4 ۔ نجاشی نے دعوت اسلام کا کیا جواب دیا؟

ج ۔ اس نے دعوت قبول کی اور مسلمان ہوگیا؟

5 ۔ روم کے بادشاہ کا کیا نام تھا اور لقب کیا تھا؟

iqbalkalmati.blogspot.com

# فرمانرواؤں کو دعوت اسلام

ج ۔ نام ہرقل اور لقب قیصر تھا۔

6 ۔ روم کے بادشاہ ہرقل کا کیا مذہب تھا؟

ج ۔ عیسائی

7 ۔ قیصر روم کے پاس کس کو قاصد بنا کر بھیجا گیا؟

ج ۔ حضرت وحید کلبیؓ

8 ۔ قموص کا قلعہ کس نے فتح کیا؟

ج ۔ حضرت علیؓ نے

9 ۔ غزوہ خیبر کس سال ہوا؟

ج ۔ 7 ہجری

iqbalkalmati.blogspot.com

# فرمانروائوں کو دعوت اسلام

10۔ غزوہ خیبر میں مجاہدین کی تعداد کتنی تھی؟

ج ۔ 1400

11۔ رجیع کہاواقع ہے؟

ج ۔ یہ غطفان اور خیبر کے درمیان ہے

12۔ رجیع کا نگران کس صحابی کو مقرر کیا گیا؟

ج ۔ حضرت عثمانؓ

13۔ غزوہ خیبر کے لیے کتنے علم تیار کیے گئے؟

ج ۔ 3 علم

14۔ خیبر میں کل کتنے قلعے تھے نام کیا تھے؟

iqbalkalmati.blogspot.com

# فرمانروائوں کو دعوت اسلام

ج ۔ 8 قلعے العطاط، عاصب بن معاذ، اشق، الناعم،

الکئیبہ، الوطیح، الشلالم، قموص

15۔ سریہ موتہ کس سال ہوا؟

ج ۔ 8 ہجری

16۔ موتہ کا مقام کہاں واقع ہے؟

ج ۔ ملک شام میں

17۔ فتح مکہ کے وقت مسلمانوں کی تعداد کتنی تھی؟

ج ۔ 10 ہزار

18۔ مکہ والوں نے حضور صلی اللہ علیہ وسلم کے ساتھ بات چیت کے لیے

# فرمانروائوں کو دعوت اسلام

کس کو بھیجا؟

ج ۔ ابوسفیان کو

19۔ غزوہ تبوک میں کتنے مسلمان مجاہدین نے شرکت کی؟

ج ۔ 30 ہزار

20۔ تبوک کا مقام کہاں واقع ہے؟

ج ۔ مدینہ اور دمشق کے درمیان

21۔ مسجد ضرار کو کس نے بنوایا؟

ج ۔ منافقین نے

22۔ عام الوفود سے کیا مراد ہے؟

iqbalkalmati.blogspot.com

# فرمانرواؤں کو دعوت اسلام

ج ۔ وفود کا سال اس سال لوگ جوق در جوق دعوت اسلام اختیار کرنے لگے۔

23۔ حج اور زکوٰۃ کب فرض ہوئے؟

ج ۔ 9 ہجری میں

24۔ خانہ کعبہ میں کل کتنے بت رکھے ہوئے تھے؟

ج ۔ 360

25۔ خانہ کعبہ میں بنی ہوئی تصویریں کس نے مٹائیں؟

ج ۔ حضرت عمرؓ

26۔ حضور صلی اللہ علیہ وسلم بتوں کو توڑتے ہوئے کونسی آیت پڑھ رہے تھے؟

# فرمانروائوں کو دعوت اسلام

ج ۔ ..حق آیا اور باطل مٹ گیا بے شک باطل مٹنے کے لئے ہے..

27۔ عکرمہ کون تھے؟

ج ۔ ابو جہل کے بیٹے

28۔ ام حکیم اور عکرمہ نے اسلام کب قبول کیا؟

ج ۔ فتح مکہ کے موقع پر

29۔ آپ ﷺ مدینہ سے مکہ حج کے لیے کب تشریف لائے؟

ج ۔ 10 ہجری کو

30۔ آپ ﷺ عرفات کے میدان میں کس تاریخ کو تشریف لے گئے؟

iqbalkalmati.blogspot.com

# فرمانروائوں کو دعوت اسلام

ج ۔ 9 ذی الحج کو

31۔ آپ ﷺ کے وصال کے وقت آپ ﷺ کی عمر مبارک کتنی تھی؟

ج ۔ 63 سال

32۔ نبی کریم ﷺ کے خاص شاعر کون تھے؟

ج ۔ حضرت حسان بن ثابتؓ

33۔ نبی کریم ﷺ کی سب سے مشہور تلوار کا نام بتائیں؟

ج ۔ ذوالفقار

iqbalkalmati.blogspot.com

# امہات المومنین

1 ۔ ام المومنین سے کیا مراد ہے؟

ج ۔ مومنوں کی ماں

2 ۔ حضرت عائشہؓ صدیقہ کے والد کا نام بتائیں؟

ج ۔ حضرت ابوبکر صدیقؓ

3 ۔ حضرت عائشہؓ کی رخصتی نکاح سے کتنے عرصہ بعد ہوئی؟

ج ۔ 4 برس بعد

4 ۔ نکاح کے وقت حضرت عائشہؓ کی عمر کتنی تھی؟

ج ۔ 9 سال

5 ۔ حضرت عائشہؓ صدیقہ کی نماز جنازہ کس نے پڑھائی؟

iqbalkalmati.blogspot.com

# امہات المومنین

ج ۔ حضرت ابو ہریرہؓ نے

6 ۔ حضرت عائشہؓ صدیقہ کو کہاں دفن کیا گیا؟

ج ۔ جنت البقیع میں

7 ۔ حضرت عائشہؓ کے خلاف منافقین کے بہتان تراشی کو کیا کہتے ہیں؟

ج ۔ واقعہ افک

8 ۔ کس سورۃ میں بہتان عظیم کا ذکر ہے؟

ج ۔ سورۃ النور میں

9 ۔ حضرت زینب بنت جحش کی نماز جنازہ کس نے پڑھائی؟

iqbalkalmati.blogspot.com

# امہات المومنین

ج ۔ حضرت عمر فاروقؓ نے

10۔ حضرت اُم حبیبہؓ کے والد کا نام بتائیں؟

ج ۔ ابوسفیان

11۔ حضرت صفیہؓ کے والد کا نام بتائیں؟

ج ۔ حیی بن اخطب

12۔ امہات المومنین میں کن کو پورا قرآن یاد تھا؟

ج ۔ حضرت حفصہ، اور حضرت اُم سلمہؓ کو

iqbalkalmati.blogspot.com

# حضرت ابو بکر صدیقؓ

1 ۔ پہلے خلیفہ کا کیا نام تھا؟

ج ۔ حضرت ابو بکر صدیقؓ

2 ۔ حضرت ابو بکر صدیقؓ کی کنیت کیا تھی؟

ج ۔ ابو بکر

3 ۔ حضرت ابو بکر صدیقؓ کو کس لقب سے پکارا جاتا تھا؟

ج ۔ صدیق

4 ۔ حضرت ابو بکرؓ کس قبیلہ سے تعلق رکھتے تھے؟

ج ۔ بنو تمیم

5 ۔ خلیفہ اول کی والدہ کا کیا نام تھا اور ان کی کنیت کیا تھی؟

iqbalkalmati.blogspot.com

# حضرت ابو بکر صدیق رضؓ

ج ۔ سلمیٰ کنیت اُم الخیر

6 ۔ حضرت ابو بکر صدیقؓ کے دور خلافت کی مدت کتنی تھی؟

ج ۔ سوا دو سال

7 ۔ حضرت ابو بکر صدیقؓ کب خلیفہ منتخب ہوئے؟

ج ۔ 2 ربیع الاول 11 ہجری

8 ۔ حضرت ابو بکر صدیقؓ کی خلافت کب ختم ہوئی؟

ج ۔ جمادی الاول 13 ہجری

9 ۔ دور خلافت میں حضرت ابو بکر صدیقؓ کو کن مشکلات کا سامنا کرنا پڑا؟

iqbalkalmati.blogspot.com

# حضرت ابوبکر صدیق رض

ج ۔ فتنہ ارتداد ، انکارزکوٰۃ ، جھوٹے مدعیان نبوت ،

بیرونی خطرات

10۔ آپ کے دور میں جھوٹے مدعیان نبوت کون کون تھے؟

ج ۔ مسیلمہ کذاب (مرد) ، اسود عنسی (مرد) ،

طلیحہ بن خویلد (مرد) ، سجاح بنت حارث (عورت)

11۔ منکرین زکوٰۃ کے ساتھ حضرت ابوبکر صدیق رض نے کیا

سلوک کیا؟

ج ۔ ان کے خلاف جہاد کا اعلان کیا اور سب سے زکوٰۃ وصول کی

12۔ تدوین قرآن کا فیصلہ کیوں کیا گیا؟

iqbalkalmati.blogspot.com

# حضرت ابوبکر صدیقؓ

ج ۔ جنگ یمامہ میں کثیر تعداد میں حفاظ کرام کے شہید ہونے کی وجہ سے

13۔ تدوین قرآن میں حضرت ابوبکر صدیقؓ نے کیا کردار ادا کیا؟

ج ۔ قرآن کریم کے متفرق اجزا کو کتابی صورت میں جمع کیا۔

14۔ تدوین قرآن میں کس نے حضرت ابوبکر صدیقؓ کی مدد کی؟

ج ۔ حضرت زید بن ثابت نے

15۔ حضرت ابوبکر صدیقؓ کے دور خلافت میں کونسی جنگ

iqbalkalmati.blogspot.com

# حضرت ابو بکر صدیق رضؓ

مسیلمہ کذاب کے خلاف لڑی گئی ؟

ج ۔ جنگ یمامہ

16۔ مسیلمہ کذاب کس کے ہاتھوں مارا گیا ؟

ج ۔ حضرت حمزہ کے قاتل وحشی نے مسیلمہ کذاب کو مارا

17۔ حضرت ابو بکر صدیقؓ کے دور میں کون کون سی جنگیں لڑی گئیں ؟

ج ۔ فتح حیرہ ، دومتہ الجندل

18۔ حضرت ابو بکر صدیقؓ کی وفات کب ہوئی ؟

ج ۔ 21 جمادی الاول 13 ہجری

iqbalkalmati.blogspot.com

# حضرت ابو بکر صدیق رضؓ

19۔ وفات کے وقت آپؓ کی عمر کیا تھی؟

ج ۔ 63سال

20۔ حضرت ابو بکر صدیقؓ کہاں دفن ہیں؟

ج ۔ مدینہ منورہ میں حضور صلی اللہ علیہ وسلم کے پہلو میں

iqbalkalmati.blogspot.com

# حضرت عمر فاروقؓ

1 ۔ خلیفہ ثانی کا کیا نام تھا؟

ج ۔ حضرت عمر فاروقؓ

2 ۔ حضرت عمر کا لقب کیا تھا؟

ج ۔ فاروق

3 ۔ آپؓ کی اولاد میں خصوصی شہرت کے حامل کون تھے؟

ج ۔ حضرت حفصہؓ جن کو ام المومنین ہونے کا شرف حاصل ہے

4 ۔ آپؓ کو خلافت کے لیے کس نے نامزد کیا؟

ج ۔ حضرت ابوبکر صدیقؓ

5 ۔ جنگ قادسیہ کب اور کہاں لڑی گئی؟

iqbalkalmati.blogspot.com

# حضرت عمر فاروقؓ

ج ۔ 16 ھ کی قادسیہ کے میدان میں

6 ۔ قادسیہ کی جنگ کن کے خلاف لڑی گئی؟

ج ۔ ایرانی لشکر کے خلاف

7 ۔ مدائن کی جنگ کس کے خلاف لڑی گئی؟

ج ۔ ایرانی لشکر کے خلاف

8 ۔ مسلمانوں نے قادسیہ اور مدائن کی جنگ کس کی قیادت میں لڑیں؟

ج ۔ حضرت سعد بن ابی وقاص

9 ۔ جنگ قادسیہ میں مرنے والے مسلمانوں اور ایرانی فوج کی

iqbalkalmati.blogspot.com

# حضرت عمر فاروقؓ

تعداد کیا تھی؟

ج ۔ 10 ہزار مسلمان، ایک لاکھ ایرانی

10۔ جنگ قادسیہ کتنے روز تک لڑی گئی؟

ج ۔ 4 روز تک

11۔ جنگ یرموک کب اور کس کی سرپرستی میں لڑی گئی؟

ج ۔ 15ھ کو ۔حضرت ابو عبیدہؓ کی قیادت میں

12۔ جنگ یرموک کس کے خلاف لڑی گئی؟

ج ۔ رومیوں کے خلاف

13۔ جنگ یرموک کس رومی سپہ سالار کی سربراہی میں لڑے؟

iqbalkalmati.blogspot.com

# حضرت عمر فاروقؓ

ج ۔ یابان

14۔ حضرت عمر فاروقؓ نے کون کون سے کام سرانجام دیئے؟

ج ۔ سن ہجری کی ابتدا، جیل خانے قائم کیئے، مردم شماری کروائی، محکمہ پولیس قائم کیا، نہریں کھدوائیں، فوجی چھاؤنیاں بنائیں، نماز تراویح باجماعت کا اہتمام کیا۔

15۔ آپؓ نے کب شہادت فرمائی؟

ج ۔ 1 محرم 24 ہجری

16۔ حضرت عمرؓ کی نماز جنازہ کس نے پڑھائی؟

ج ۔ حضرت سہیلؓ نے

iqbalkalmati.blogspot.com

# حضرت عمر فاروق رض

17۔ حضرت عمرؓ کی مدت خلافت کتنی تھی؟

ج ۔ 10 سال 6 ماہ 4 دن

iqbalkalmati.blogspot.com

# حضرت عثمان غنی رضی اللہ عنہ

1 ۔ خلیفہ سوئم کا نام کیا تھا؟

ج ۔ حضرت عثمان غنی رضی اللہ عنہ

2 ۔ حضرت عثمان غنی رضی اللہ عنہ کی کنیت کیا تھی؟

ج ۔ ابوعبداللہ

3 ۔ حضرت عثمان کو کس لقب سے پکارا جاتا ہے؟

ج ۔ ذوالنورین

4 ۔ حضرت عثمان غنی رضی اللہ عنہ کا تعلق کس قبیلہ سے تھا؟

ج ۔ قریش کی شاخ بنوامیہ سے

5 ۔ حضرت عثمان رضی اللہ عنہ کی تاریخ پیدائش کیا ہے؟

iqbalkalmati.blogspot.com

# حضرت عثمان غنیؓ

ج ۔ 573 ء

6 ۔ حضرت عثمان کب قبول اسلام ہوئے؟

ج ۔ حضرت ابوبکرؓ کی دعوت سے آغاز اسلام میں مسلمان ہوئے

7 ۔ حضرت عثمان کوذوالنورین کیوں کہاجاتا ہے؟

ج ۔ دنیامیں واحد شخص جن کے گھر پیغمبر کی دو بیٹیاں آئیں۔

8 ۔ حضرت عثمان نے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی کس بیٹی سے شادی کی؟

ج ۔ حضرت رقیہؓ اور حضرت کلثومؓ

9 ۔ ہجرت کے وقت آپؓ کی کونسی بیوی ہمراہ تھیں؟

ج ۔ حضرت رقیہؓ

iqbalkalmati.blogspot.com

# حضرت عثمان غنیؓ

10۔ حضرت عثمان نے کس غزوہ میں شرکت نہیں کی تھی؟

ج ۔ غزوہ بدر

11۔ حضرت عثمان کے غزوہ بدر میں شریک نہ ہونے کی کیا وجہ تھی؟

ج ۔ حضرت رقیہؓ کی علالت کی وجہ سے

12۔ حضرت عثمانؓ کا انتخاب خلافت کس نے کیا؟

ج ۔ حضرت عمرؓ کی مجوزہ 6 رکنی مجلس (حضرت عثمانؓ، حضرت علیؓ، حضرت عبدالرحمٰن بن عوفؓ، حضرت طلحہؓ، حضرت زبیرؓ، حضرت سعد بن ابی وقاصؓ) میں سے بالاخر حضرت عبدالرحمٰن بن عوفؓ نے آپؓ کی خلافت کا اعلان کیا۔

iqbalkalmati.blogspot.com

# حضرت عثمان غنیؓ

13۔ حضرت عثمانؓ کی جامع القرآن کہلانے کی وجہ کیا ہے؟

ج ۔ حضرت عثمانؓ نے تمام اُمت کو ایک قرآت پر جمع کیا اس بنا پر جامع القرآن کہلاتے ہیں۔

14۔ حضرت عثمانؓ کی مدت خلافت کتنی ہے؟

ج ۔ دس سال محرم 24ھ۔ذی الحجہ 35ھ تک

# حضرت علیؓ

1 ۔ خلیفہ چہارم کا کیا نام تھا؟

ج ۔ حضرت علیؓ

2 ۔ آپؓ کی کیا کنیت تھی؟

ج ۔ ابوالحسن احمد ابوتراب

3 ۔ آپؓ کا لقب کیا تھا؟

ج ۔ حیدر (شیر)

4 ۔ حضرت علیؓ کے والدین کا نام بتائیں؟

ج ۔ والد: ابوطالب، والدہ: فاطمہ

5 ۔ حضرت علیؓ کا پیغمبر خدا سے کیا رشتہ تھا؟

iqbalkalmati.blogspot.com

# حضرت علیؓ

ج ۔ چچازاد بھائی اور داماد

6 ۔ حضرت علیؓ کا نکاح نبی ﷺ کی کس بیٹی سے ہوا اور کب؟

ج ۔ حضرت فاطمہؓ سے ہجرت کے دوسرے سال غزوہ بدر کے بعد

7 ۔ حضرت علیؓ نے کن غزوات میں شرکت کی؟

ج ۔ غزوہ بدر، احد، خندق، حنین، تبوک، خیبر

8 ۔ حضرت علیؓ کس غزوہ کی فتح کے بعد حیدر کہلائے؟

ج ۔ غزوہ خیبر

9 ۔ حضرت علیؓ کی انتخاب خلافت کس طرح ہوئی؟

# حضرت علیؓ

ج ۔ حضرت عثمانؓ کی شہادت کے 3 روز بعد تمام مہاجرین و انصار نے آپؓ کے ہاتھ پر بیعت کی ۔

10۔ حضرت علیؓ کے دورِ خلافت میں کون کون سی جنگیں لڑی گئیں؟

ج ۔ جنگ جمل ، جنگ صفین ، جنگ نہروان

11۔ جنگ جمل میں فوجوں کی تعداد کیا تھی؟

ج ۔ 20 ہزار فوج حضرت علیؓ کی تھی

30 ہزار فوج حضرت عائشہؓ کی تھی

12۔ جنگ جمل کس کس کے درمیان لڑی گئی اور کب؟

ج ۔ 36ھ کو حضرت عائشہؓ اور حضرت علیؓ کے درمیان

www.iqbalkalmati.blogspot.com : مزید کتب پڑھنے کے لئے آج ہی وزٹ کریں

# حضرت علیؓ

13۔ جنگ جمل کیوں لڑی گئی؟

ج ۔ قصاص عثمانؓ کے لیے

14۔ جنگ صفین کب اور کن کے درمیان ہوئی؟

ج ۔ 36ھ حضرت علیؓ اور حضرت امیر معاویہؓ کے درمیان

15۔ جنگ صفین میں فوجیوں کی تعداد کیا تھی؟

ج ۔ 1 لاکھ 20 ہزار فوج حضرت امیر معاویہؓ کی اور 80 ہزار فوج حضرت علیؓ کی

16۔ جنگ صفین کس مقام پر لڑی گئی؟

ج ۔ دریائے فرات کے کنارے صفین کے مقام پر

# حضرت علیؓ

17۔ جنگ نہروان کب اور کن کے ساتھ لڑی گئی؟

ج ۔ 38ھ کو حضرت علیؓ اور خارجیوں کے درمیان

18۔ حضرت علیؓ کی مدت خلافت کتنی ہے؟

ج ۔ ذوالحجہ 35ھ۔رمضان المبارک 40ھ

19۔ اسداللہ کس صحابی کا لقب ہے؟

ج ۔ حضرت علیؓ کا

20۔ دارلحکمہ کے قیام کا مقصد کیا تھا؟

ج ۔ سائنسی علوم کی ترقی اور کتب کا ترجمہ کرنا

مزید کتب پڑھنے کے لئے آج ہی وزٹ کریں : www.iqbalkalmati.blogspot.com